**DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

## اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 24-06-2022

| اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|
| 1۔وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو نواب شاہ میں آصف زرداری سے تعزیت، وزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 2۔وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو کی نواب شاہ آمد، آصف زرداری سے والدہ کے انتقال پر تعزیت، وزیراعلیٰ بلوچستان | ایکسپریس ودیگر اخبارات |
| 3۔وزیراعظم آج ایک روزہ دورے پر گوادر پہنچیں گے | سنچری ودیگر اخبارارت |
| 4۔ قائم مقام گورنر جان جمالی ودیگر کا سردار صالح بھوتانی سے اظہار تعزیت، گورنر بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 5۔ایٹمی قوت ہونے کے سبب پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے، گورنر بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 6۔سی پیک سے بلوچستان حکومت کی ٹیکس وصولی میں اضافہ ہوگا، عبدالرحمٰن کھیتران | مشرق ودیگر اخبارات |
| 7۔عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں، مولانا عبدالواسع | مشرق ودیگر اخبارات |
| 8۔محکمہ زراعت کی بہتری کیلئے وسائل بروئے کار لائے جائینگے، اسد بلوچ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 9۔مشکل مالی حالات کے باوجود عوام دوست بجٹ پیش کیا گیا، ضیاء لانگو | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10۔افغانستان کے زلزلہ متاثرین کے غم میں برابر کے شریک ہیں، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11۔بلوچستان کی نہروں میں پانی کی صورتحال جلد بہتر ہو جائیگی، صوبائی وزیر آبپاشی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12۔صوبائی بجٹ عوام دوست ہے اخراجات کم کر کے ملازمین کو ریلیف فراہم کیا، سکندر عمرانی | آزادی ودیگر اخبارات |
| 13۔بڑی سیاسی شخصیات پارٹی میں شمولیت کیلئے رابطے میں ہیں، صالح بھوتانی | آزادی ودیگر اخبارات |
| 14۔گوادر تربت، نصیر آباد میں خواتین پولیس اسٹیشنز قائم کیے جا رہے ہیں، ربابہ بلیدی | آزادی ودیگر اخبارات |
| 15۔صوبے سے پولیو وائرس کا مکمل خاتمہ صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، چیف سیکرٹری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16۔حکومتی اقدامات کے باعث جلد بلوچستان پولیو سے پاک ہو جائیگا، چیف سیکرٹری | مشرق ودیگر اخبارات |
| 17۔وفاق سے جو توقعات تھیں وہ پوری نہیں ہوئیں اہم صوبے کو نظرانداز کیا گیا، ترجمان حکومت بلوچستان | مشرق ودیگر اخبارات |
| 18۔بجٹ لفظوں کا ہیر پھیر، ارکان اسمبلی کی آنکھوں میں دھول جھونکی گئی، ڈاکٹر مالک | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20۔بے روزگاری، غربت، بھوک وافلاس لمحہ فکریہ ہے، لشکری رئیسانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 21۔لائبریری میں طالبات کیلئے جدید سٹڈی روم بنائیں گے، ثنا بلوچ | مشرق ودیگر اخبارات |

## امن وامان

نوشکی پولیس کی کاروائی GLI کار سے 54 کلو چرس برآمد۔

## عوامی مسائل

سبی مری قبائل کا بیجی ندی پر پل تعمیر نہ ہونے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ، گڈانی آئل ریفائنری پر تحفظات مکینوں نے تحفظ ماحولیات کو درخواستیں ارسال کردیں، محکمہ جنگلات میں غیر مقامی بھرتیاں شہری ایکشن کمیٹی خضدار کی احتجاج کی دھمکی۔ سوراب پرائیویٹ افراد کے ذریعے تیل وسمگلنگ کی اشیاء پر بھتہ وصول۔

**DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

مورخہ24-06-2022

## اداریہ

روزنامہ باخبر نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان بجٹ 23-2022صوبائی حکومت ترقی وخوشحالی کیلئے پر عزم** "مالی سال23-2002 کیلئے بلوچستان کا612ارب سے زائد مالیت کا بجٹ صوبائی اسمبلی میں پیش کیا گیا۔72ارب سے زائد خسارے کے بجٹ میں ترقیاتی پروگرام کیلئے 191ارب اور غیر ترقیاتی اخراجات کیلئے 367روپے مختص کئے گئے ہیں صوبے میں نئے سال کے دوران روزگار کے 8ہزار نئے مواقع فراہم کئے جائیں گے جبکہ مزدور کی کم سے کم ماہانہ اجرت 25ہزار روپے مقرر کی گئی ہے۔سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں 15فیصد اضافے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔صوبے کی ہمہ گیر ترقی کیلئے سب کو یک جان ہو کر جدوجہد کرنا ہوگی تاکہ عشروں سے پسماندگی اور محرومی کے شکار صوبے کے عوام ترقی کے مرکزی دھارے میں شامل ہو کر ترقی وخوشحالی اور روشن خیالی کے ثمرات سے بہرہ مند ہوسکیں۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان ترقی کی دھلیز**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Funds for Sports in new FY" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Balochistan Budget 2022-23" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضمون

روزنامہ انتخاب نیوز کوئٹہ نے "**افلاس زدہ بلوچستان**" کے تحریر جلال نورزئی۔

روزنامہ مشرق نیوز کوئٹہ نے "**پانی نایاب ہوتا جارھاہے** " کے تحریر نور خان محمد حسنی۔

روزنامہ92نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان کی ترقی اور سی پیک کی تکمیل کیلئے کیا کرنا چائیے ؟**" کے تحریر مجاہد بریلوی

برائے ڈائریکٹر جنرل

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: ____________

Dated: ____________

روزنامہ جنگ کوئٹہ جمعہ 24/جون 2022ء

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

BC-J-1-1

2841993-2842016-2841078

بانی میر خلیل الرحمٰن

## وزیراعلیٰ بزنجو کی نواب شاہ میں آصف زرداری سے تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو جمعرات کو نواب شاہ پہنچے جہاں انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری سے ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ کی۔

---

روزنامہ مشرق کوئٹہ

جمعہ 24 جون 2022ء

## میر قدوس بزنجو کا سابق صدر آصف زرداری سے تعزیت کا اظہار، افسوس

### وزیراعلیٰ بلوچستان کی نواب شاہ آمد، سابق صدر کے والدہ کے انتقال پر فاتحہ خوانی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری کی والدہ کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کی۔ جمعرات کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نواب شاہ پہنچے جہاں انہوں نے......... بقیہ نمبر35 صفحہ 9 پر

پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری سے ملاقات کر کے انکی والدہ کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

---

DAILY EXPRESS CENTURY

FRIDAY, JUNE 24, 2022

روزنامہ ایکسپریس سنچری کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

## قدوس بزنجو کی نواب شاہ آمد، آصف زرداری سے والدہ کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو مختصر (باقی صفحہ 5 نمبر 11)

دورے پر نواب شاہ پہنچے انہوں نے زرداری ہاؤس جا کر سابق صدر آصف علی زرداری کی والدہ کے انتقال پر پیپلز پارٹی کے چیئرمین وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری آصفہ بھٹو فریال تالپور اور عذرا پیچوہو سے تعزیت کا اظہار کیا اور مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ پڑھی صوبائی وزیر عبدالرشید بلوچ اور رکن صوبائی اسمبلی میر حمل کلمتی بھی اس موقع پر موجود تھے۔

---

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4

قیمت 20 روپے

صفحات 8

www.dailyintekhab.com.PK

Intekhabnews@gmail.com

Quetta Ph:081-2822909

شمارہ نمبر 158 | جمعہ 24 جون 2022ء 24 ذیقعد بمطابق 1443ھ | جلد نمبر 29

## وزیراعلیٰ کی نواب شاہ جا کر آصف زرداری سے والدہ کی وفات پر تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے جمعرات کے روز نواب شاہ جا کر زرداری ہاؤس میں سابق صدر آصف علی زرداری سے ملاقات کی اور ان کی والدہ کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

1-A.

Bullet No. ______

Dated: 24 JUN 2022 Page No. 2

Century Express Quetta

## وزیراعظم آج ایک روزہ دورے پر گوادر پہنچیں گے

**اعلیٰ سطح اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں اور امن وامان کے حوالے سے بریفنگ دی جائیگی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف ایک روزہ دورے پر آج گوادر پہنچیں گے، دورے گوادر کے دوران وزیراعظم گوادر میں ترقیاتی منصوبوں (باقی صفحہ 5 نمبر 15)

اور امن وامان کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کریں گے، میاں شہباز شریف گوادر کے ماہی گیروں سے ملاقات بھی کریں گے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف جمعہ کو صبح گیارہ بجے ایک روزہ دورے پر گوادر پہنچیں گے، گوادر پہنچنے پر قائم مقام گورنر میر جان محمد جمالی اور وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو اور صوبائی وزراء ان کا استقبال کریں گے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال اور دیگر وزرا وزیراعظم کے ہمراہ ہوں گے، دورے گوادر کے دوران وزیراعظم میاں شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کریں گے جس میں انہیں گوادر میں ترقیاتی منصوبوں اور امن وامان کے حوالے سے بریفنگ دی جائے گی، میاں شہباز شریف دورے گوادر کے دوران ماہی گیروں سے ملاقات بھی کریں گے۔

## سی پیک سے بلوچستان حکومت کی ٹیکس وصولی میں اضافہ ہوگا، عبدالرحمن کھیتران

**حکومت نے تعلیم، روزگار اور صحت کے شعبوں کو ترجیح دی ہے، 18 لاکھ خاندانوں کو ہیلتھ کارڈ کی سہولت فراہم کی جائے، صوبائی وزیر خزانہ**

**بلوچستان میں شروع کیے جانے والے بہت سے میگا پراجیکٹس کے لیے اربوں روپے مختص کیے گئے ہیں، کاروبار ٹیکس فراہم کریں گے**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے وزیر خزانہ سردار عبدالرحمن کھیتران ...... بقیہ نمبر 24 صفحہ 9 پر

ان نے کہا ہے کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) سے صوبائی حکومت کی ٹیکس وصولی میں اضافہ ہوگا، حکومت نے تعلیم، روزگار اور صحت کے شعبوں کو ترجیح دی ہے، 18 لاکھ خاندانوں کو ہیلتھ کارڈ کی سہولت فراہم کی جائے۔ گوادر پرو کے مطابق وزیر نے پیش گوئی کی کہ سی پیک کے منصوبے اور کان کنی کے شعبوں کی ترقی سے مستقبل میں صوبے کے ٹیکس اور نان ٹیکس ریونیو میں اضافہ ہوگا۔ سی پیک ٹیکس وصولی کو کئی گنا بڑھائے گا۔ بلوچستان میں شروع کیے جانے والے بہت سے میگا پراجیکٹس کے لیے اربوں روپے مختص کیے گئے ہیں، کاروبار (سرمایہ کاری کے نتیجے میں) ٹیکس فراہم کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا ان میں ناگ واشک سڑک کا منصوبہ، چھوٹے اور درمیانے درجے کے ڈیموں کی تعمیر، واٹر سولر اسکیمیں، ہائی وے سیکیورٹی کے منصوبے، طلباء کو لیپ ٹاپ اور انٹرن شپ کی فراہمی اور جنوبی بلوچستان کے لیے ڈیم اور سڑکیں شامل ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق ایک سوال کے جواب میں وزیر نے بتایا کہ حکومت نے تعلیم، روزگار اور صحت کے شعبوں کو ترجیح دی ہے، 18 لاکھ خاندانوں کو ہیلتھ کارڈ کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے چاغی اور تفتان کے علاقوں سے تعلق رکھنے والے کل 8,000 افراد کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے جیسا کہ ریکوڈک پراجیکٹ میں مائننگ کمپنی نے اتفاق کیا تھا۔ کھیتران نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت نے ریکوڈک سرمایہ کاری کے تنازع کو حل کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے اور وسیع اقتصادی وسائل اور روزگار کے مواقع لانے کے علاوہ براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے ساتھ صوبے کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے کی کوشش کی۔

## وزیراعظم عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں، عبدالواسع

**مولانا عبدالواسع سے ملاقات**

**وزیراعظم شہباز شریف نے بجلی کی فراہمی کیلئے ہمیں یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ وہ بلوچستان کو بجلی فراہم کرینگے، عوام بلوں کی ادائیگی یقینی بنائیں**

**اتحادی جماعتیں ملکی معیشت کو ٹھیک کرنے کیلئے سر جوڑ کر بیٹھی ہیں آئندہ چند ماہ میں ملکی معیشت ٹھیک ہونے کے بعد ملکی خوشحالی کیلئے اقدامات کرینگے**

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر اور وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالوا...... بقیہ نمبر 36 صفحہ 9 پر

سع نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہے ہیں بلوچستان میں جاری بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کے خاتمے کے لئے وزیراعظم شہباز شریف کو آگاہ کیا کہ بلوچستان کا انحصار زراعت اور لائیو سٹاک پر ہے اور وزیراعظم شہباز شریف نے بجلی کی فراہمی کیلئے ہمیں یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ وہ بلوچستان کو بجلی فراہم کرینگے صوبے کے عوام بھی بلوں کی ادائیگی کیلئے اپنا کردار ادا کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کے بعد بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اس وقت ملکی معیشت سابقہ حکمرانوں کی نااہلی کی وجہ سے ڈوبا ہوا ہے وفاقی حکومت اس سلسلے میں معاشی کو حالات کو بہتر کرنے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے جب تک ملک کے معاشی حالات ٹھیک نہیں ہوں گے اس وقت تک معاشی حالات بہتر نہیں ہوسکتے اس لئے موجودہ وفاقی حکومت اور اتحادی جماعتیں ملکی معیشت کو ٹھیک کرنے کے لئے سر جوڑ کر بیٹھے ہیں اور آئندہ چند ماہ میں ملکی معیشت ٹھیک ہونے کے بعد ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے اقدامات اٹھائے جائینگے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے بلوچستان کے معاملات پر ملاقات ہوئی اور انہوں نے تمام مسائل کو حل کرنے کی یقین دہانی کرائی اور خاص کر بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کے باعث بلوچستان میں جو زراعت کا شعبہ متاثر ہو رہا ہے اس کو ٹھیک کرنے کیلئے 12 سے 16 گھنٹے بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور وزیراعظم نے وفاقی وزارت پانی وبجلی کو اس سلسلے میں آگاہ کردیا انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ بلوچستان کے عوام جلد ان تمام تر حالات پر خوشخبری ملے گی اور صوبے کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرینگے۔

INTEKHAB QUETTA

## محکمہ زراعت کی بہتری کیلئے وسائل بروئے کار لائے جائینگے، اسد بلوچ

**صوبائی وزیر زراعت سے اگریکلچر آفیسرز ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر قاسم خان کاکڑ کی ملاقات**

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر زراعت میر اسد اللہ بلوچ سے جمعرات کے روز بلوچستان اگریکلچر آفیسرز ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر قاسم خان کاکڑ نے ملاقات کی ملاقات میں محکمہ زراعت کے ڈی جیز کی فور ٹیر سروس اسٹرکچر سے متعلق اجلاس بلانے سے متعلق تبادلہ خیال ہوا۔ اس سے قبل بھی ڈاکٹر قاسم خان نے ڈی جیز کو فور ٹیر سروس اسٹرکچر کا اجلاس بلانے بقیہ نمبر 73 صفحہ 7 پر

کی درخواست کی تھی۔ صوبائی وزیر زراعت میر اسد اللہ بلوچ نے یقین دہانی کرائی کہ بلوچستان اسمبلی کے بجٹ سیشن کے اختتام پر ڈی جیز کا اجلاس بلا کر فور ٹیر سروس اسٹرکچر کی منظوری دی جائے گی محکمے کی بہتری کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ اجلاس کی صدارت صوبائی وزیر زراعت میر اسد اللہ بلوچ کریں گے جبکہ سیکرٹری زراعت شرکت کریں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 1-B

Dated: 24 JUN 2022 Page No. 2


## خطے میں امن کیلئے دفاعی اداروں کا اہم کردار ہے، جان جمالی

### تجارت کے فروغ سے روزگار کے مواقع پیدا ہونگے، ٹرمینل کے افتتاح پر خطاب

### افغانستان میں زلزلے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس، یکجہتی کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) قائم مقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی پشین ڈسٹرکٹ میں پشین ویلفیئر کمپلیکس ٹرمینل کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ اس ٹرمینل اور مارکیٹ سے (باقی صفحہ 5 نمبر 13)

مقامی لوگوں کو سفری سہولیات میسر ہونے کے ساتھ ساتھ مقامی سطح بھی تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے تمام تجارت پیشہ افراد پر زور دیا کہ وہ دستیاب مواقعوں اور سہولیات سے بھرپور فائدہ اٹھا کر لوگوں کیلئے روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کر سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشین ڈسٹرکٹ میں پشین ویلفیئر کمپلیکس ٹرمینل کا باقاعدہ افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی اصغر خان ترین، اسفندیار خان کاکڑ، بریگیڈیئر رفیق اور بریگیڈیئر شعیب سمیت پشین کے تاجران اور قبائلی عمائدین بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تمام مسلم ممالک میں واحد ایٹمی طاقت ہے جس کی وجہ سے پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے۔ ملک وقوم کی سلامتی اور خطے میں پائیدار امن کے حوالے سے ہمارے دفاعی اداروں کا اہم کردار ہیں۔ قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی نے ضلع پشین کے عوامی نمائندوں اور قبائلی عمائدین کو درپیش مشکلات کے حل کیلئے اپنے تعاون کا یقین دلایا۔ آخر میں افغانستان میں حالیہ زلزلہ سے جانی اور مالی نقصانات پر افسوس کا اظہار کیا اور زلزلہ زدگان کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔ علاوہ ازیں قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد خان جمالی کا افغانستان میں زلزلے سے ہونے والی ہلاکتوں پر اظہار افسوس۔ بلوچستان کے گورنر نے افغانستان میں تباہ کن زلزلے کے نتیجے میں ہونے والی سینکڑوں ہلاکتوں پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس مشکل گھڑی میں پاکستانی عوام اپنے افغان بھائیوں کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں۔ قائم مقام گورنر میر جان محمد جمالی نے مزید کہا کہ بلوچستان حکومت کی تمام تر ہمدردیاں جاں بحق افراد کے لواحقین اور زخمیوں کے ساتھ ہیں۔ قائم مقام گورنر میر جان محمد خان جمالی نے زلزلے سے زخمی افراد کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ہے۔

## میر جان محمد جمالی کا آصف علی زرداری کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) قائم مقام گورنر بلوچستان میر جان محمد خان جمالی نے سابق صدر آصف علی زرداری کی والدہ اور وفاقی (باقی صفحہ 5 نمبر 24)

وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کی دادی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور سوگوار خاندان کے نام اپنے ایک تعزیتی پیغام میں میر جان محمد خان جمالی نے دعا کی ہے کہ اللہ تعالی مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ صبر و ہمت سے برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 24 JUN 2022 Page No 1

## نوشکی پولیس کی کاروائی GLI کار سے 54 کلو چرس برآمد

### قادرآباد کے قریب پہنچ کر ڈرائیور اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے گاڑی چھوڑ کر فرار

نوشکی (نامہ نگار) نوشکی پولیس کی کاروائی GLI کار سے 54 کلو چرس برآمد تفصیلات کے مطابق۔۔۔ایس پی نوشکی سید عبدالصبور شاہ کی ہدایت پر گزشتہ رات نوشکی پولیس نے ایس ایچ او ثناءاللہ مینگل اور سی آئی اے انچارج کی نگرانی میں کاروائی کرتے........ بقیہ نمبر 50 صفحہ 10 پر

ہوئے جنگلات کے علاقے سے ایک جی ایل آئی کار کا تعاقب کیا، کریش پلانٹ قادرآباد کے قریب پہنچ کر ڈرائیور اندھیرے کا فائدہ لیتے ہوئے گاڑی چھوڑ کر فرار ہوگیا۔ جی ایل آئی کار کو پولیس تحویل میں لے کر تلاش لی گئی جس سے لاکھوں روپے مالیت کے 54 کلوگرام چرس اور ایک موبائل فون برآمد ہوا مزید تفتیش جاری ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No: 5

Dated: 24 JUN 2022 Page No. 2


## سبی: مری قبائل کا بیجی ندی پر پل تعمیر نہ ہونے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

**جدید دور میں دنیا چاند پر پہنچ گئی ہے دوسری جانب یو سی کٹ منڈائی کے عوام تعلیم صحت اور پینے کے صاف پانی سے بدستور محروم ہیں**

**بیجی ندی پر پل نہ ہونے سے علاقے کے لوگوں کو نہ صرف سبی سمیت ملک کے دوسرے علاقوں میں جانے کے لئے مشکلات درپیش ہیں**

**بارشوں اور سیلاب کے موسم میں سانحہ رونما ہونے سے قیمتی انسانی جانیں ضائع ہو جاتی ہیں، حکومت توجہ دے، وڈیرہ بہادر مری، جان محمد مری و دیگر کا خطاب**

سبی (نمائندہ مشرق) یونین کونسل کٹ منڈائی کے مری قبائل کے معتبرین نے بیجی ندی پر پل نہ ہونے کے خلاف سبی پریس کے سامنے وڈیرہ بہادر خان مری اور وڈیرہ جان محمد مری کی قیادت میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، مظاہرین سے مری قبائل کے معتبرین وڈیرہ جان محمد مری، پیر جان مری، وڈیرہ بہادر خان مری، نقل محمد مری، ملک عظمت مری، سلطان احمد مری، غلام بخش مری، محراب خان مری، رحمت اللہ مری، رندو مری، شادو خان مری، عیسیٰ خان مری، میر طوک مری، سیاسی رہنما میر جلال خان چانڈیو اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس جدید دور میں دنیا چاند پر پہنچ گئی ہے دوسری جانب ہم زندگی کی بنیادی سہولیات سے ابھی تک محروم ہیں انہوں نے کہا کہ ضلع سبی کے یونین کونسل کٹ منڈائی کے رہائشی زندگی تعلیم صحت، پینے کے صاف پانی اور پختہ سڑکوں سمیت زندگی کی تمام بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں انہوں نے کہا کہ ہم نے آج تک حکومت سے کوئی ڈیمانڈ نہیں کیا ہے لیکن ہمارا سب سے بڑا مسئلہ بیجی ندی پل کا ہے انہوں نے کہا ہے کہ بیجی ندی پر پل نہ ہونے سے علاقے کے لوگوں کو نہ صرف سبی سمیت ملک کے دوسرے علاقوں میں جانے کے لئے مشکلات بلکہ بارشوں اور سیلاب کے باعث کٹ منڈائی کا زمینی رابطہ ملک کے دوسرے شہروں سے کٹ جاتا ہے بیجی ندی پر پل نہ ہونے کے باعث ہر سال بارشوں اور سیلاب کے موسم میں کوئی سانحہ رونما ہو جاتا ہے جس سے قیمتی انسانی جانیں ضائع ہو جاتی ہیں انہوں نے کہا کہ چند روز قبل کٹ منڈائی سے ایک پک اپ سبی کی جانب آ رہا تھا کہ بیجی ندی کو کراس کے دوران اچانک سیلابی ریلہ آنے کے باعث چھ افراد کو پانی بہہ کر لے گیا ہے جن کی موت واقع ہو گئی ہے اور چار افراد زخمی ہو گئے تھے جبکہ پک اپ میں سوار دیگر افراد نے کود کر اپنی جانیں بچائی ہیں انہوں نے کہا کہ اگر بیجی ندی پر پل ہوتا تو آج یہ سانحہ پیش نہیں آتا انہوں نے صوبائی حکومت، ایم پی اے سبی، ایم این اے سبی، کمشنر سبی ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر سبی سے اپیل کی ہے کہ کٹ منڈائی بھی ضلع سبی کا ایک یونین کونسل اور بلوچستان کا حصہ ہے یہاں کے عوام کو ان کے بنیادی حقوق دیے جائیں اور بیجی ندی پر پل تعمیر کیا جائے تاکہ مستقبل میں کوئی ایسا افسوسناک سانحہ رونما نہ ہو سکے۔

INTEKHAB QUETTA

## گڈانی آئل ریفائنری پر تحفظات، مکینوں نے تحفظ ماحولیات کو درخواستیں ارسال کر دیں

**جب تک ہمیں آئل ریفائنری کے خدوخال اور فوائد ونقصانات سے آگاہ نہیں کیا جاتا این او سی جاری نہ کیا جائے، معلومات فراہم کی جائیں**

**عوامی شنوائیوں میں ہمیں سنا ہی نہیں گیا، ہمارے تحفظات دور کئے بغیر این او سی جاری کیا گیا تو عدالتوں سے رجوع کرینگے، متن**

حب (نمائندہ انتخاب) گڈانی کے علاقے کنڈ میں مجوزہ آئل ریفائنری کو این او سی جاری کرنے کے لیے محکمہ تحفظ ماحولیات کے دوسری عوامی شنوائی ناکام ہونے کے بعد ڈی جی تحفظ ماحولیات کی ہدایت پر اہل علاقہ نے مذکورہ آئل ریفائنری کے حوالے سے اپنے تحفظات پر مشتمل درخواستیں ڈی جی کو ارسال کردیں ہمیں منصوبے کے حوالے سے واضح معلومات فراہم نہیں کی گئی ہیں جب تک ہمیں آئل ریفائنری کے خدوخال اور فوائد ونقصانات کے آگاہ نہیں کیا جاتا اور دیگر حقائق آشکار نہیں کیے جاتے این او سی جاری نہ کیا جائے بصورت دیگر ہم معزز عدالت

بقیہ نمبر 80 صفحہ 7 پر

جانے کا حق محفوظ رکھتے درخواستوں کا متن۔ اس سلسلے میں بتایا جاتا ہے گڈانی کے علاقے موضع کنڈ میں مجوزہ لگنے والی اسپیک آئل ریفائنری کو این او سی جاری کرنے کے لیے محکمہ تحفظ ماحولیات کی جانب دوسری بار منعقدہ عوامی شنوائی ناکام ہونے پر ڈی جی تحفظ ماحولیات محمد ابراہیم بلوچ نے عوامی شنوائی سے جاتے وقت علاقہ مکینوں کو ہدایت کی کہ یہاں شکایات نہیں سن سکتے جس کو اسپیک آئل ریفائنری کے حوالے سے تحفظات یا شکایات ہیں وہ درخواست لکھیں جس پر اہل علاقہ آئل ریفائنری کے خلاف اپنے تحفظات اور شکایات پر مشتمل درخواستیں ڈی جی تحفظ ماحولیات کو ارسال کر دی درخواستوں میں موقف ظاہر کیا گیا ہے گڈانی کنڈ گدور میں مجوزہ لگنے والی اسپیک آئل ریفائنری کے حوالے محکمہ تحفظ ماحولیات کے دونوں عوامی شنوائیوں میں ہمیں نہیں سنا گیا لہذا ہمیں بتایا جائے کہ مذکورہ ریفائنری کے لیے اراضی جو لی گئی اسکی تفصیلات نہیں دی گئیں ہیں منصوبے کی وزارت پیٹرولیم اور اوگرا سے اجازت نامہ لیا گیا ہے کہ نہیں ہمیں بتایا جائے جبکہ آئل ریفائنری سے نکلنے والے فضلے کو محفوظ طریقے سے تلف کرنے کے کیا انتظامات کیے جا رہے ہیں ہمیں نہیں بتایا گیا سیت 35 نقاط جس میں کہا گیا ہے کہ وزارت پیٹرولیم اور اوگرا کا NOC پیش نہیں کیا گیا اور نہ ہی زیر بحث نہیں لایا گیا پہلی سماعت کا انتظام صوبے سے باہر جان بوجھ کر کیا گیا اور دوسری سماعت کا مقام راتوں رات تبدیل کیا گیا کہ اس معاملے کو کیوں پراسرار کیا جا رہا ہے۔

## سوراب، پرائیویٹ افراد کے ذریعے تیل و سمگلنگ کی اشیاء پر بھتہ وصولی

**کسٹم و ایکسائز چیک پوسٹوں پر لاکھوں روپے بھتہ جمع کیا جاتا ہے، اعلیٰ حکام خاموش**

سوراب (این این آئی) اعلیٰ حکام کے واضح احکامات کے باوجود سوراب میں کسٹم اور ایکسائز کی بھتہ خوری کا سلسلہ ختم نہ ہو سکا، پرائیویٹ افراد کے ذریعے غیر ملکی تیل اور دیگر اشیاء اسمگلنگ کرنے والوں سے روزانہ لاکھوں روپے بھتے کے مد میں جمع کر کے قومی خزانے کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا جا رہا ہے، مگر پوچھنے والا کوئی نہیں، سوراب میں تعینات نہ

بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر

صرف کسٹم اور ایکسائز کے آفیسرز اور اہلکار ناجائز آمدنی سے اربوں روپوں کے اثاثے بنا چکے ہیں بلکہ ان کے سول کارندے بھی کروڑوں مالیت کے مکان اور انتہائی مہنگی گاڑیوں کے مالک بنے ہوئے ہیں، انتہا درجہ کی باوجود نیب سمیت متعلقہ محکموں کے اعلیٰ حکام بھی خاموش، واضح رہے کہ سوراب میں نہ صرف قومی آر سی ڈی شاہراہ پر کسٹم کی چیک پوسٹ قائم کر کے وہاں بھتے کے عوض اسمگلروں کو آسانی کرنے کی اجازت دی جاری

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5　　Dated: 24 JUN 2022　　Page No. 3

## محکمہ جنگلات میں غیر مقامی بھرتیاں، شہری ایکشن کمیٹی خضدار کی احتجاج کی دھمکی

### ضلعی سطح پر مختص اسامیوں پر کوئٹہ، لورالائی اور ژوب کے لوگوں کی تعیناتیاں قبول نہیں، عبدالحمید ایڈووکیٹ

خضدار (آن لائن) آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار کے چیئرمین ایڈووکیٹ عبدالحمید بلوچ نے محکمہ امور حیوانات اور محکمہ جنگلات خضدار کی خالی آسامیوں پر نان لوکل افراد کی بھرتی پر انتہائی تشویش اور برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی سطح پر مختص

بقیہ نمبر 79 صفحہ 7 پر

خالی آسامیوں پر کوئٹہ، لورالائی اور ژوب سے تعیناتیاں عمل میں لائی گئی ہیں جو کہ مقامی بے روزگار نوجوانوں کی حق تلفی اور ان سے ظلم کے مترادف ہے۔ خلاف ضابطہ بھرتیوں پر مقامی تعلیم یافتہ نوجوان غم و غصے کا اظہار کررہے ہیں جبکہ تمام سیاسی جماعتیں، ٹریڈ یونینز اور سول سوسائٹی تشویش میں مبتلا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقامی تعلیم یافتہ بیروزگار نوجوانوں کی حق تلفی برداشت نہیں کی جائیگی اگر نان لوکل افراد کے آرڈرز منسوخ نہیں کیئے گئے تو آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی سخت احتجاج پر مجبور ہوگی۔ صوبائی حکومت اور متعلقہ محکموں کے وزراء و دیگر پر واضح کرنا چاہتے ہیں کہ خلاف ضابطہ ہونے والے غیر مقامیوں کی تعیناتی پر کسی قسم کی سودا بازی نہیں کی جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ لورالائی اور ژوب سے تعلق رکھنے والے نان لوکل سارونہ اور زہری جیسے قبائلی علاقوں میں کس طرح اپنی ڈیوٹی سرانجام دے سکتے ہیں؟ یہ آسامیاں خضدار سٹی کی بھی نہیں بلکہ دیہی علاقوں کے لیئے ہیں ظلم کی انتہا ہے کہ دور دراز کے دیہی علاقوں کی آسامیوں پر بھی نان لوکل افراد کی تعیناتی عمل میں لائی گئی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 24 JUN 2022 Page No. 4


## بلوچستان بجٹ 23-2022 صوبائی حکومت ترقی وخوشحالی کیلئے پرعزم

مالی سال 23-2022ء کے لئے بلوچستان کا 612 ارب سے زائد مالیت کا بجٹ صوبائی اسمبلی میں پیش کیا گیا۔ 72 ارب سے زائد خسارے کے بجٹ میں ترقیاتی پروگرام کے لئے 191 ارب اور غیر ترقیاتی اخراجات کے لئے 367 روپے مختص کئے گئے ہیں صوبے میں نئے مالی سال کے دوران روزگار کے 8 ہزار نئے مواقع فراہم کئے جائیں گے جبکہ مزدور کی کم سے کم ماہانہ اجرت 25 ہزار روپے مقرر کی گئی ہے۔ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں 15 فیصد اضافے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر خزانہ سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے ایوان میں بجٹ پیش کرتے ہوئے کہا کہ محدود وسائل میں رہتے ہوئے تمام حلقوں کی ترقی کے لئے منصوبے شامل کئے گئے ہیں امن وامان کے شعبے کے لئے بجٹ میں مجموعی طور پر 64 ارب روپے' مواصلات کے لئے 63 ارب لوکل کونسلوں کی گرانٹ کے لئے تقریباً 17 ارب روپے' تعلیم کے شعبے کے لئے 94 ارب' صحت کے لئے 38 ارب کی رقم مختص کی گئی ہے' کیسکو ٹیوب ویلز سبسڈی کے لئے بجٹ میں چار ارب روپے جبکہ زرعی ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کے لئے 2 ارب روپے کی رقوم رکھی گئی ہیں۔ ٹیوب ویلوں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کے لئے منصوبہ بندی کی جارہی ہے کوئٹہ اور صوبے کے مختلف اضلاع میں نئے ڈیمز کی تعمیر کے لئے خاطر خواہ فنڈ بجٹ میں مختص ہیں۔

612 ارب روپے مالیت کا بجٹ صوبے کی پسماندگی اور اس کے وسیع وعریض رقبے کے تناظر میں ناکافی ہے۔ 72 ارب کے خسارے سے ظاہر ہوتا ہے کہ صوبے کی آمدن واخراجات میں بہت بڑا فرق حائل ہے۔ پونے چار سو ارب کے غیر ترقیاتی اخراجات کے مقابلے میں 191 ارب کا ترقیاتی پروگرام اس حقیقت کو اجاگر کرتا ہے کہ غیر ترقیاتی مد میں اٹھنے والے اخراجات کتنے زیادہ ہو چکے ہیں اس کی بنیادی وجہ تنخواہوں اور پنشن کے بل میں غیر معمولی اضافہ قرضوں اور سود کی ادائیگی ہے۔ اس کے باوجود بجٹ میں عوامی فلاح وبہبود کے متعدد اہم منصوبے شامل کئے گئے ہیں ان میں تعلیم صحت مواصلات فراہمی آب امن وامان کے شعبے قابل ذکر ہیں یہ وہ شعبے ہیں جو بنیادی اہمیت کے حامل ہونے کے ساتھ ساتھ روزگار کی فراہمی کا بھی سب سے بڑا ذریعہ ہیں۔ لیویز میں سی پیک ونگ بھی قائم کیا جارہا ہے جس کے لئے تین ہزار کے قریب اسامیاں رکھی گئی ہیں اسی طرح محکمہ صحت اور محکمہ تعلیم اور پولیس میں بھی روزگار کے مواقع دستیاب ہونگے بلوچستان میں صنعتی شعبہ نہ ہونے کے برابر ہے اس لئے سارا بوجھ حکومت کے اوپر آجاتا ہے لیکن سرکاری شعبے میں جتنی ملازمین دستیاب ہوتی ہیں وہ بے روزگاری کے مسئلے پر قابو پانے کے لئے ناکافی ہیں دوسرا سب سے بڑا ذریعہ وفاقی محکموں میں صوبے کا کوٹہ ہے لیکن مشاہدہ کیا گیا ہے کہ ماضی میں اس حوالے سے صوبے کے ساتھ سراسر ناانصافی کی گئی' جعلی ڈومیسائلز اور لوکل سرٹیفکیٹ پر صوبائی حکومت کو اعتماد میں لئے بغیر ہزاروں لوگ بھرتی کئے گئے جن کا صوبے سے کوئی تعلق نہیں تھا بلوچستان حکومت کو اس معاملے پر خصوصی توجہ دینی چاہیے۔ ایک اور پہلو جو صوبائی حکومت کی توجہ کا مستحق ہے وہ صوبے کے وسائل میں اضافے کے لئے جامع منصوبہ بندی کا ہے۔ اس سال کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا لیکن حکومت کو صوبے کی اپنی آمدنی میں اضافے کے نئے آپشنز ضرور تلاش کرنے چاہیں وزیر اعلیٰ قدوس بزنجو نے بلوچستان کے مفادات کے تحفظ ترقی وخوشحالی کی جانب سفر جاری رکھے اور پسماندہ اضلاع کو ترقی دینے کے جس عزم کا اظہار کیا ہے وہ قابل ستائش ہے جبکہ انہوں نے اپوزیشن کے حلقوں میں ترقی کا عمل تیز کرنے اور ان کے مسائل حل کرنے کی دوٹوک یقین دہائی بھی کرائی ہے۔

بلوچستان کو حقیقی ترقی وخوشحالی سے ہمکنار کرنے کے لئے حکومت اور اپوزیشن کے مابین خوشگوار تعلقات اور مفاہمت کا جذبہ خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ اور وزیر اعلیٰ قدوس بزنجو اس حوالے سے قابل ستائش کردار ادا کر رہے ہیں۔ صوبے کی ہمہ گیر ترقی کے لئے سب کو یک جان ہو کر جدوجہد کرنا ہوگی۔ تاکہ عشروں سے پسماندگی اور محرومی کے شکار صوبے کے عوام ترقی کے مرکزی دھارے میں شامل ہو کر ترقی وخوشحالی اور روشن خیالی کے ثمرات سے بہرہ مند ہو سکیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan news Qt

Bullet No. 6

Dated: 24 JUN 2022 Page No. 5


# بلوچستان: ترقی کی دہلیز پر

صوبہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، اس کا رقبہ پاکستان کے رقبے کا تقریباً 40فیصد ہے۔ صوبے کی آبادی 2018 کی مردم شماری کے مطابق ایک کروڑ 26لاکھ 44ہزار 408 نفوس پر مشتمل تھی۔ بدقسمتی سے قدرتی حسن ومعدنیات سے مالا مال صوبہ بلوچستان ماضی میں اس طرح ترقی سے ہمکنار نہیں ہوسکا جس طرح ملک کے باقی صوبے ہیں اوراس کی بہت سی وجوہات ہیں۔ صوبہ بلوچستان کی کم ترقی کی ایک وجہ طویل عرصے تک وفاقی اور سابقہ صوبائی حکومتوں کی جانب سے چشم پوشی ہے۔ بھارت بارہا بلوچستان میں اپنی مداخلت کو بڑے فخر سے بیان کرچکا ہے، ہمیں اپنے نشریاتی اداروں کے ذریعے دنیا کی توجہ اس جانب مبذول کرانی چاہئے کہ دیکھیں کون ہے دہشتگرد اور تخریبی ذہن کا مالک، سی پیک صوبہ بلوچستان کے لئے ہی نہیں بلکہ پورے ملک کے لئے گیم چینجر ہے، یہ درست ہے کہ اس منصوبے سے بلوچستان کی تقدیر جاگے گی مگر انڈسٹریز کے قیام کے ساتھ صوبے کے شہری، ڈسٹرکٹ، دیہاتی نظام کی بحالی، تعلیم، صحت، بجلی، پانی، گیس کی گھر گھر فراہمی اور پکی سڑکوں کی تعمیر بے حد ضروری ہے۔ پاک فوج، ایف ڈبلیو او اور ایف سی بلوچستان میں CPEC کے تحت بہترین سڑکیں تعمیر کررہی ہیں جو یقیناً قابلِ تعریف اقدام ہے۔ صوبہ بلوچستان کی وسائل سے محرومی کی وجہ ظاہر ہے سابقہ حکومتوں کی نظراندازی ہے، تاہم جب سے میر عبدالقدوس بزنجو نے وزارت اعلی کا منصب سنبھالا ہے، بہت تیزی سے بلوچستان میں بہت سے منصوبوں پر کام جاری ہے، جس کے نتائج ثمرات سے بھرپور ہوں گے، ماشاء اللہ صوبہ بلوچستان قدرتی وسائل اور معدنیات سے مالا مال ہے، یہ متعدد منصوبے صوبے اور عوام کی خوشحالی کو ممکن بنانے اور خوشحالی لانے کے واحد مقصد کے تحت عمل میں لائے گئے ہیں۔ ان شاءاللہ یہ صوبہ بہت ترقی کرے گا، سی پیک کے منصوبے کی تکمیل صوبے کے لئے بہترین ثابت ہوگی۔ اس کے ذریعے پاکستان ترقی یافتہ ممالک کی فہرست میں شامل ہوگا، اگر بلوچستان کی نوجوان نسل کو مصروف عمل رکھنے کے لئے کچھ پروگرامز تشکیل دیئے ہیں تو مستقبل میں صوبے کو ایک بہترین نسل میسر ہوگی، فریش میٹرک اور گریجویٹ طالب علموں کو مصروف رکھا جائے، میٹرک کے سٹوڈنٹس کو انگریزی اور چائنیز زبان کے مختصر دورانیے کے کورسز کرائے جائیں تاکہ سی پیک سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہوا جا سکے جبکہ گریجویٹ طالبعلموں کو سی ایس ایس کے امتحانات کی تیاری کرائی جائے۔ بلوچستان کے مسائل کا حل بہتر تعلیم، اچھا روزگار، اور وسائل کی منصفانہ ترسیل میں پوشیدہ ہے۔ گزشتہ برسوں میں پاک فوج نے سول اداروں کے ساتھ مل کر ملکی وصوبائی ترقی میں خاطر خواہ اضافہ کیا ہے صوبہ بلوچستان کی معاشی وسماجی ترقی کے منصوبوں میں صوبائی حکومت کے ساتھ مل کر بہت سے پراجیکٹس میں پاک فوج نے اپنا کردار ادا کیا ہے۔ ان میں فرنٹیئر کور کی جانب سے سکولوں اور کیڈٹ کالجز کا قیام اور سرپرستی شامل ہے۔ صوبے میں 9 کیڈٹ کالجز سوئی، پشین، مستنگ، پنجگور، جعفرآباد، کوہلو، تربت، نوشکی اور آواران کے مقام پر پاک فوج کی جانب سے بنائے گئے ہیں، جس میں صوبے بھر کے طالب علم تعلیم حاصل کررہے ہیں، افواجِ پاکستان مستقبل میں صوبے میں معیاری تعلیمی سہولیات لانے کے لئے کلیدی کردار ادا کررہی ہے۔ جس کے تحت مستقبل میں کئی منصوبے مکمل ہونگے، بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کو لے کر جب بھی ضرورت پڑی پاک فوج نے ہر میدان میں اپنی خدمات پیش کی ہیں۔ وزیراعلی بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی جانب سے بجٹ میں تمام اضلاع میں فنڈز کی یکساں تقسیم کی وجہ سے بلوچستان ترقی کی وہ منازل طے کریگا جسکی نظیر ماضی میں کبھی دیکھنے کو نہیں ملی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 24 JUN 2022 Page No/16


## Balochistan's budget 2022-23

Balochistan, the country's largest and most resource-rich province, presented a traditional budget for the coming year 2022-23, with infrastructure improvements due to the unavailability of adequate financial resources. The total outlay of provincial budget presented by Provincial Finance Minister Sardar Abdul Rehman Khetran is Rs612.79 billion, with the provincial income estimated at Rs540bn, the deficit would stand at Rs72.8bn, or around 12 per cent of the outlay. The budget sets aside 5.7pc and 3.7pc higher allocations for non-development and development heads, respectively, compared to the original estimates for the outgoing fiscal year. In the budget for the outgoing year, the provincial government indicated a deficit of Rs84.7bn in its estimated resources and expenditure, which is projected to curtail the originally allocated provincial contribution to the development plan from Rs172.5bn to Rs91.8bn by the close of the year on June 30. It is safe to assume that the failure to take in enough resources to fill the projected deficit, the province is likely to end up cutting its development stimulus by a huge margin next year as well. The new budget sets aside Rs26.62bn non-development funds for the health sector while Rs12bn would be spent on development. Besides, Rs1.5bn has been allocated for the pension and support fund, Rs6.6bn has been allocated for providing medicines in all hospitals of the province and 524 new posts would be created in the health sector. As for education, 103 new primary schools would be established while 60 high, middle schools would be upgraded to higher secondary schools and 831 new posts of teachers would be created. It also announced a 15 per cent increase in salaries and pensions of employees, raising the minimum wage to Rs 25,000 and creating 2,852 new posts. The Finance Minister mentioned the implementation of the Balochistan Finance Management Act to curb financial irregularities which is a good step which other provinces should follow. The CPEC is very important for the development of Balochistan and it has three corridors in the province but not a single industrial zone has been made operational so far. Besides backwardness and poverty, unemployment is a serious issue in Balochistan while the government has announced over 2852 posts which are insufficient keeping in view the ratio of unemployment. The current economic crisis in Pakistan can only be overcome with the mineral resources of Balochistan. Although it is a long process, without it, there will be no era of backwardness, poverty and unrest among the people of the province nor will Pakistan be stable and prosperous.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 24 JUN 2022 Page No/ 7

# افلاس زدہ بلوچستان

## جلال نورزئی

بلوچستان کئی حوالوں اور پہلوؤں سے درماندگی اور افلاس کا شکار ہے۔ ستم یہ ہے کہ یہاں حمیت اور ظرف کا افلاس بھی پایا جاتا ہے، جس میں بڑے بڑے مبتلا ہیں۔ یہی افلاس صوبے کی ترقی، خوشحالی اور خودمختاری کی راہ میں حائل ہے، جو صوبے کو آگے بڑھنے نہیں دے رہا۔ جن ہاتھوں میں اقتدار کی کنجی گئی ہے کہ اسباب کی تلاش کارگراں نہیں بلکہ عوامل بڑے واضح ہیں۔ یہ افلاس خرابیوں کی وجوہات میں سے ہے۔ بلوچستان کی پارلیمانی تاریخ میں شاید ہی کوئی حکومت مثالی رہی ہے، جفا، حکومتیں گرانا، خرید و فروخت کی سیاست، سازشیں، فریب کاریاں اس تاریخ میں نمایاں ہیں۔ عہد و پیمان کو توڑنا عام سی بات ٹھہری ہے اور جہاں اچھی قیادت کی رمق دکھائی دی ہے تو ان کے آگے طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا کی گئی ہیں۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کا ایسے افراد نے ناک میں دم کر رکھا تھا، تب بڑی تعداد میں یہ مسلم لیگ نواز میں جمع تھے، جونہی وقت آیا سب نے مسلم لیگ نواز کو پیٹھ دکھائی اور ق لیگ کے عبدالقدوس بزنجو کو وزیراعلیٰ بنایا اور پھر یہ بلوچستان عوامی پارٹی کے دوسرے نام سے ایک جگہ جمع کر لئے گئے۔ بہرحال عام انتخابات 2018ء کے بعد وزارت اعلیٰ کا منصب جام کمال جیسے موزوں و اہل شخص کو دیا گیا، جام کمال خان مرنجہ سیاسی چال بازیوں سے آشنا نہ تھے، مخصوص منش کے حامل اراکین مسلسل مسائل کھڑے کرتے رہے۔ ایک وزیر یا مشیر اس بنا ناراض تھے کہ اس کے چھوٹے بھائی عبدالصمد کو جام کمال نے کوئٹہ کی تحصیل میں سب رجسٹرار کے عہدہ سے کیوں ہٹایا، جہاں یومیہ لاکھوں روپے اراضیات کے انتقالات وغیرہ پر کمائی ہوتی ہے اور آخر کار مرضی کی جگہ پر تعینات کرا ہی لیا گیا، ایسی کئی مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں، گویا مخصوص طبقہ نے بشمول جمعیت علماء اسلام بلوچستان نیشنل پارٹی اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی نے نظام کی روانی میں خلل ڈال کر صوبے کو نقصان سے دو چار کر دیا۔ بلوچستان میں ڈھونگ اور بندر بانٹ کی جمہوریت قائم ہے، پی ایس ڈی پی کے تھیلے کا منہ کھلا رکھا گیا ہے، خواہ گنجائش ہو نہ ہو بھاری بھاری فنڈز مختص کئے جاتے ہیں، یہ ان سب کو ایک ترازو میں رکھنے کی حکمت عملی ہے، سیاسی و گروہی ترجیحات کے تحت معقولات پس پشت رکھی گئی ہے۔ جمعیت علماء اسلام بلوچستان میں اگر کوئی پاک دامن ہے تو وہ ملک سکندر ایڈووکیٹ ہیں، سکندر ایڈووکیٹ بلوچستان اسمبلی میں حزب اختلاف کے قائد ہیں، چنانچہ اس قلندر نے بھی جماعتی منافع کو سامنے رکھ کر صوبے کے مجموعی مفاد کو داؤ پر لگا کر گناہ میں ساتھ دیا ہے۔ اگر یہی سیاست ہے تو پھر ان کی جماعت کے مولانا شیرانی کا تحریک انصاف سے ہاتھ ملانا بھی درست اقدام ہے۔ دیکھا جائے تو عبدالقدوس بزنجو آخر وقت تک پی ڈی ایم کے مقابلے میں تحریک انصاف کے ساتھ کھڑے تھے، رکن قومی اسمبلی زبیدہ جلال بھی ان کی ہم خیال تھیں، اب جب وفاق میں سیاسی منظر نامہ یکسر تبدیل ہوا ہے، اگر بلوچستان کے اندر معقولیت کی راہ نہیں اپنائی جاتی یعنی جام کمال خان اور اس کے ساتھیوں کی جانب سے پیش کی گئی تحریک عدم اعتماد میں ساتھ نہ دیا گیا تو کم از کم از خود صوبے کی صاف شفاف شناخت قائم کرنے کیلئے کوئی قدم اٹھائیں۔ مسلم لیگ نواز کی بلوچستان اسمبلی میں نمائندگی ہوتی تو شاید کوئی قدم اٹھا لیتی کہ جنوری 2018ء میں صوبے میں ن لیگ کی حکومت گرا کر عبدالقدوس بزنجو نے میاں نواز شریف خاندان پر رکیک حملے کئے، انہوں نے میڈیا پر بارہا کہا کہ اسے والد عبدالمجید بزنجو نصیحت کرتے تھے کہ یہودیوں پر اعتبار کر لیں پر میاں نواز شریف پر مت کرنا وغیرہ وغیرہ۔ وزیراعظم میاں شہباز شریف نے تین جون کو گوادر کے دورے کے دوران وہاں مچھیروں کو ان کی کشتیوں کیلئے دو ہزار جنریٹر دینے کا اعلان کیا۔ لگتا ایسا ہے کہ یہ اعلان وزیراعظم نے عبدالقدوس بزنجو اور بلوچستان نیشنل پارٹی کے کہنے پر کیا ہے۔ اچھی بات ہے کہ وہاں کے مچھیرے امداد کے مستحق ہیں، مگر گوادر میں بی این پی کے حمل کلمتی جو عبدالقدوس بزنجو کے انتہائی قریبی ہیں اور دوسرے سیاسی اثر و رسوخ رکھنے والے ہی دراصل خرابیوں کیلئے ذمہ دار ہیں، وہاں کے غریب عوام اور مچھیرے ان کی بالادستی سے عاجز آ چکے ہیں، حق دو تحریک اس طبقے اور مختلف النوع مسائل کا ردعمل ہے، اس تحریک نے بلدیاتی انتخابات میں ان کے ہوش اڑا دیے ہیں۔ گویا گوادر میں اس اشرافیہ کو اپنے تسلط اور سیاست کی آن پڑی ہے، اس بنا وہ اس تحریک کا زور توڑنے اور منتشر کرنے کیلئے مختلف حربے استعمال کر رہے ہیں، طرح طرح کے الزامات اور زمین و آسمان کے قلابے ملانے کی سعی میں لگے ہیں۔ ادھر نوابزادہ طارق مگسی نے جام کا ساتھ چھوڑ کر قدوس بزنجو کی قیادت پر اکتفا کر لیا ہے۔ میر ظہور بلیدی بھی عبدالقدوس بزنجو سے دوبارہ بغل گیر ہوئے ہیں۔ ظہور بلیدی، جام کمال حکومت کے وزیر خزانہ تھے، 2018ء کے انتخابات کے بعد یہ وزارت اعلیٰ کے خواہشمند تھے، جام کمال کے خلاف گروہ بندی میں نمایاں تھے، نگاہ وزارت اعلیٰ کی کرسی پر لگی تھی۔ عبدالقدوس بزنجو نے وزیراعلیٰ بن کر ان سب کو چکمہ دے دیا اور یہ دیکھتے رہ گئے۔ بزنجو نے انہیں اور سردار یار محمد رند وغیرہ کو خوب استعمال کیا۔ ظہور بلیدی پر یاس و بددلی چھائی رہی، کچھ وقت میں بولنا شروع کیا کہ عبدالقدوس بزنجو کی حکومت میں نوکریاں فروخت ہو رہی ہیں، ترقیاتی منصوبوں میں بھاری کمیشن لیا جا رہا ہے، چونکہ عبدالقدوس بزنجو کیخلاف عدم اعتماد کی کامیابی کی صورت میں جام کمال وزارت اعلیٰ کے امیدوار نہ تھے، اس طرح ظہور بلیدی یقینی طور اس بنا متحرک ہوئے کہ قدوس کو ہٹائے جانے کی صورت میں شاید وہ وزیراعلیٰ بن جائیں۔ یوں سردار عبدالرحمان کھیتران کی رہائشگاہ پر عبدالقدوس بزنجو سے ملاقات ہوئی، اطلاعات کے مطابق بھاری فنڈز دینے کا وعدہ کیا گیا ہے، بقول شاعر کہ 'حمیت نام ہے جس کا، گئی تیمور کے گھر سے'۔ سردار عبدالرحمان کھیتران اس منظر نامے میں مختار کل ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6 Date 24 JUN 2022 Page No 19

# Funds for Sports in new FY

Over 450million PKR has allocated for Sports in new FY budget of Balochistan. According to the details shared in budget book 2022-23 new sports projects will also be completed in different districts of the province along with futsal grounds. Projects would be completed during current financial year. Provincial government is giving special attention to promotion of cricket and other sports. Government wants to promote and support talented players of Balochistan to become part of the national teams and for this purpose the provincial government has been trying to provide maximum facilities to local players. Gwadar and Ayub stadiums are examples of the government's efforts for promotion of sports in the province. The only way to reduce the effects of crime, theft, drugs and negative activities is promotion of sports. Work on construction of sports complexes in 23 districts out of 33 of the province launched during Jam Kamal Khan tenure. Over the past 30 years no government had given attention to the promotion and construction of playgrounds in the province. Balochistan is the first province where a stadium is being built in every district. In Balochistan, we have not yet understood importance of sports and athletics. For us sports are just a source of entertainment but in the world it is a place of entertainment as well as pride of the nation. Balochistan has plenty of talented players and they are being provided training opportunities so that they can enlighten the name of the country and the province.

Government had already spent 20 billion PKR in the period of three years for improving sports and recreation facilities across the province to bring the youth towards sports and channel their talent in healthy activities. The provincial government has been working on development of 79 schemes in sports sector of the province and the projects would be completed in near feature. The Balochistan government had allocated more than Rs 8 billion to establish international level sports complex at every district of the province to provide world class sports facilities to the youth.

Efforts have been taken on timely completion of sports complexes and stadiums in every district of the province. That new sports complexes with huge gymnasium, all indoor sports, squash, cricket nets, dedicated walking track and others facilities would be established in every city of the province to encourage youth to actively take part in sports. Quetta is bracing to get six more sports complexes and stadium to provide world class playing facilities to the people. The government is also working to set up indoor sports complexes in the province so that the youth could participate in co-curricular activities besides educational one. He said the government was encouraging girls to actively participate in sports activities to exhibit their abilities to the world, adding that they were supporting the youth of Balochistan. The province had the honor to produce international players who brought laurels to the country and the government would create more opportunities and provide facilities to the sportsmen for representing the country.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 24 JUN 2022 Page No.



پشین: قائم مقام گورنر میر جان محمد جمالی ویلفیئر کمپلیکس ٹرمینل کا افتتاح کرنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں



قائمقام گورنر جان محمد جمالی پشین ویلفیئر ٹرمینل کے حوالے سے افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



صوبائی وزیر انجینئر زمرک خان اچکزئی سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں



وزیر تعلیم نصیب اللہ مری گورنمنٹ بوائز ہائی سکول پرنس روڈ کے پوزیشن ہولڈر سید صابر شاہ کو انعام دے رہے ہیں